17/09/2012

پریس اطلاعات بیورو
(وزیراعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمہ اطلاعات وزابطہ عامہ اترپردیش

وزیراعلیٰ نے عازمین حج کے پہلے قافلے کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا

لکھنؤ: ۱۷ر ستمبر ۲۰۱۲

وزیراعلیٰ جناب اکھلیش یادو نے اترپردیش کے عازمین حج کو سفر حج پر جانے کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ حج کے مبارک موقع پر ملک اور اترپردیش میں امن وامان نیز خوشحالی کی دعا کرنا نہ بھولیں۔ انہوں نے عازمین کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس بات سے بیحد خوش ہیں کہ انہیں حج پر جانے والوں کے درمیان آنے کا موقع حاصل ہوا۔

جناب یادو نے آج حج ہاؤس میں عازمین کے پہلے قافلے کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے قبل ان لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر ان خیالات کا اظہار کیا۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے چیئرمین مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی اور وزیراعلیٰ نے مشترکہ طور سے عازمین حج کے پہلے قافلے کو روانہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ حج ہاؤس میں بہترین سہولیات کے لئے ریاستی حکومت پرعزم ہے۔ انہوں نے عازمین حج کے لئے مہیا کرائی جارہی سہولیات کے لئے ریاست کے وزیر شہری ترقیات، اقلیتی بہبود اور حج جناب محمد اعظم خاں کی کوششوں کی بھی تعریف کی۔

عازمین حج کے پہلے قافلے کو روانہ کرنے سے قبل وزیراعلیٰ نے ان کے درمیان کچھ وقت گزارا اور ان سب کی خیریت دریافت کی۔ مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی نے عازمین حج کے لئے دعائے سفر پڑھی۔ اترپردیش سے حج پر جانے والے عازمین کے پہلے دو قافلوں میں اموسی ایئرپورٹ سے آج ۳۰۰۔۳۰۰ مسافران حج روانہ ہوئے۔

اس موقع پر ریاست کے وزیر علاج وصحت اور کنبہ بہبود جناب احمد حسن اور وزیر مال جناب امبیکا چودھری موجود تھے۔ اس کے علاوہ سکریٹری اقلیتی بہبود محترمہ لینا جوہری، ریاستی حج کمیٹی کے سکریٹری جناب ابرار احمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

.....